16/08/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

CMکشتواڑ

کشتواڑ میں بادل پھٹنے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد60 تک پہنچ گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ صورتحال کا برسرِ موقعہ جائزہ لینے کےلئے چسوٹیکشتواڑ پہنچ گئے ہیں۔ کل رات کشتواڑ پہنچنے کے بعد میڈیا سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ اس واقعے میں60 افراد از جان ہو گئے ہیں جبکہ اس سے زیادہ لاپتہ ہیں۔ انہوننے کہا کہ لا پتہ ہوئے افراد کی تلاش جا ری ہے۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی اس واقعے پر افسوس کا اظہار کر تے ہوئے از جان ہوئے افراد کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے۔

جتیندر سنگھ

اس دوران چسوٹی کشتواڑ میں راحت اور بچاؤ کاروائیاں بڑے پیمانے پر جا ری ہیں۔ مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ راحت کاروائی رات کے دوران بھی جا ری رہی۔ اور فوج کے جوانوں کی SDRFانہوننے متاثرہ لوگوں کو راحت پہنچانے کےلئے ضلع انتظامیہ، ستائش کی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی اس معاملے پر نگاہ رکھے ہوئے ہیں اور انہوننے راحت کے کام میں مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے۔

ستیش شرما

جموں جاکر وہاں کشتواڑ واقعے میں زخمی ہوئے افراد کی GMCکا بینہ وزیر ستیش شرما نے عیادت کی۔ ستیش شرما نے اس حادثے میں ما رے گئے چند ایک افراد کے گھر جا کر انکے لواحقین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی۔

جموں جاکر وہاں ان زخمیوں کی GMCاس سے پہلے نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے بھی عیادت کی اور اُنہیں فراہم کی جا رہی طبی سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

## جا وید رانا

قبائلی امور کے وزیر جا وید احمد رانا نے کل پونچھ میں کئی معزز شہریوں، دانشوروں اور سیول سوسائٹی کے ممبران کے ساتھ کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ بات چیت کے دوران جا وید احمد رانا نے شہریوں سے تلقین کی کہ وہ سماج سدھار کے کاموں میں اپنا رول ادا کریں۔ انہوںنے کہا کہ عام لوگوں کو ترقیاتی عمل میں سرگرم رول ادا کرنا چاہئے۔ وزیر نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار قبائلی طبقے کی فلاح و بہبود کی وعدہ بند ہے۔

## جنم اشٹمی

آج کرشن جنم اشٹمی کا تہوار مذہبی جوش خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں آج ملک بھر میں مندروں میں خصوصی پوجا کا اہتمام ہو رہا ہے۔ جموں کشمیر میں بھی کرشنا جنم اشٹمی کے سلسلے میں کئی تقریبات کا اہتمام ہو رہا ہے۔ جن میں شردھالوں کی ایک بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مو دی نے لوگوں کو اس تہوار کی مبارکباد دی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی اور آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے بھی لوگوں کو جنم اشٹمی کی مبارکباد دی ہے۔ انہوںنے اپنے الگ الگ بیانات میں لوگوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہارکیا ہے۔

## PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے غیر قانونی ہجرت کے معاملے پر خبر دار کر تے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل ملک کی آبادیاتی ساخت کےلئے خطرہ بن رہا ہے۔ یوم آزادی کی اپنی تقریر میں وزیر اعظم نے غیر قانونی تارکین وطن سے ملک کو لاحق خطرات سے بچانے کےلئے ایک اعلیٰ سطحی آبادیاتی مشن شروع کرنے کا اعلان کیا۔ انہوںنے کہا کہ یہ بھارت کو غیر مستحکم بنانے کی ایک منظم سازش ہے اور اس عمل سے ہمارے ملک کے نوجوانوں کے روزگار پر منفی اثرات پڑتے ہیں۔

## PM ADD

اس دوران وزیر اعظم نے اپنی تقریر میں ملک میں جا ری ترقیاتی منصوبوں اور وِکست بھارت کے نقش راہ کا بھی خلاصہ کیا۔ انہوںنے کہا کہ ملک کو ہر شعبے میں خود کفیل بنانے کےلئے بامعنی منصوبے عملائے جا رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے روز مرہ کے استعمال کی چیزوں پر عائد

کی شرح میں کمی کرنے کا بھی اشارہ دیا۔ زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق  GSTہونے والے رکھنے والے افراد نے وزیر اعظم کی تقریر اور اعلانات کا خیر مقدم کیا ہے۔

ایم راجو

افسر اور جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو کو صوبائی IASسینئر کمشنر کشمیر کا اضافی چارج سونپا گیا ہے۔ اس سلسلے میں انتظامیہ کی جانب سے جا ری ایک حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ انشل گرگ کے ڈویژنل کمشنر کشمیر کا عہدہ سنبھالنے تک ایم راجو اس عہدے کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ واضح رہے کہ ایم راجو کے پاس محکمہ اطلاعات کے ایڈمنسٹریٹیو سیکریٹری کا اضافی چارج بھی ہے۔

دلی ہلاکت

نئی دلی میں ہمایوں کے مقبرے کے نزدیک واقع ایک درگاہ کی دیوار گرنے سے5افراد کی موت واقع ہوئی ہے۔ دلی پولیس کے جوائنٹ کمشنر سنجے جین کے مطابق یہ واقعہ کل رات دیر گئے پیش آیا اور اس میں5لوگوں کے مارے جانے کے علاوہ 10دیگر زخمی ہو گئے۔ دلی انتظامیہ نے معاملے کی تحقیقات شروع کی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

.....................................................

...................................

............

..